# تحفظ

جون ، 2018

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ



## کامیابی کے ہر قدم میں آپ کے ہمقدم

### اہم خبریں

- اسٹیٹ لائف کنونشن 2018
- جناب یونس ڈاگھا کی اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس آمد
- ایبٹ آباد میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات
- جلسہ عید میلاد النبیؐ
- راولپنڈی میں تقریب تقسیم انعامات
- جھنگ زون میں گرینڈ فنکشن
- فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور اسٹیٹ لائف کے مابین مذاکرات
- اسٹیٹ لائف اسپورٹس کلب کی تقریب تقسیم انعامات

UAN: 111-111-888 | Website: www.statelife.com.pk | www.facebook.com\State Life Insurance Corporation

## مستجاب دعا



رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابO

ترجمہ: اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور ایمان والوں کو، جس دن حساب قائم ہوگا۔

## فرمانِ الٰہی



ہر شخص کے آگے اور پیچھے اللہ کے مقرر کئے ہوئے نگراں فرشتے لگے ہوئے ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے رہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ لوگ خود اپنے اندر تبدیلی نہیں کر لیتے۔ اور جب اللہ کسی قوم پر مصیبت ڈالنے کا فیصلہ کر لیتا ہے تو پھر وہ کسی کے ٹالے نہیں ٹل سکتی، اور نہ اللہ کے مقابلے میں ایسی قوم کا کوئی حامی و مددگار ہو سکتا ہے۔ سورۃ الرعد(13)، آیت نمبر11


## فرمانِ رسولؐ



حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ پریشانی کے وقت یہ دُعا کرتے تھے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، جو عظیم ہے اور بُردبار ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمان اور زمین کا پالنے والا ہے۔ عرشِ عظیم کا رب ہے۔

(بخاری شریف)

## قائداعظمؒ نے فرمایا



ہمارے دشمنوں کی خواہشوں اور ہتھکنڈوں کا بہترین جواب یہ ہے کہ ہم اپنے پاکستان کی تعمیر کے لئے عزمِ صمیم کر لیں۔ ایک ایسی اچھی اور عظیم مملکت جو ہماری آنے والی نسلوں کے رہنے کے قابل ہو۔ اس شاندار نصب العین کا تقاضا ہے۔ کام، کام اور صرف کام۔

افواجِ پاکستان کے افسران سے خطاب۔
کراچی 11 اکتوبر 1947

## فرمودۂ اقبالؒ



وہ کل کے غم و عیش پہ کچھ حق نہیں رکھتا
جو آج خود افروز وجگرسوز نہیں ہے
وہ قوم نہیں لائقِ ہنگامۂ فردا
جس قوم کی تقدیر میں امروز نہیں ہے

خیال و افکار

# کچھ شکایتیں، کچھ حقائق

عزیز ساتھیو!


تحفظ کا تازہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ آپ ہماری ادارتی ٹیم کی تحفظ کے لئے نئی کاوش کو پسند کر رہے ہیں۔ ہماری خواہش رہتی ہے کہ اس میں تمام زونوں اور ریجنز کی ترقیاتی سرگرمیوں اور خبروں اور اہم تقریبات کی تصویریں بھی شائع کی جائیں، لیکن کبھی کبھی ہم اس سے قاصر رہتے ہیں۔

اس کی اوّل وجہ صفحات کی کمی اور دوئم زیادہ تر زونوں سے آرٹیکل اور خبروں میں عدم دلچسپی کہہ سکتے ہیں۔ ہمارے لئے یہ بہت مشکل ہوتا ہے کہ کسی زون یا ریجن کی طرف سے رپورٹس وغیرہ کی باقاعدہ ترسیل کے بغیر ان کی یہ آرزو پوری کر سکیں، پھر ایک اور اہم وجہ ٹیکنیکل طور پر تصاویر کا غیر معیاری ہونا یا متعلقہ زونل ہیڈ/ ریجن کی تصدیق کا نہ ہونا بھی ہوتا ہے۔

دوستو! یاد رکھیں کارپوریشن کی ترقی و استحکام اور بقا کا راز آپ کی شبانہ روز محنت میں مضمر ہے۔ چنانچہ آغازِ سال ہو یا اختتامِ سال خلوصِ نیت سے ہم وطنوں کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کرنے کا مشن جاری رکھیں۔ یہی تحفظ کا پیغام ہے اور یہی وقت کی پکار بھی ہے۔

جدید معاشرت میں افسر اور ماتحت کا تصور نہیں ملتا بلکہ ٹیم ورک کے جذبہ کو فروغ دیا جاتا ہے۔

سب ہی قابل ہیں، علم والے ہیں، تجربہ کار ہیں، سب مل کر ہی اپنے ادارے کے استحکام کے لئے اپنی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کریں تو بیمہ کی تاریخ کے بڑے بڑے سنگِ میل عبور کئے جا سکتے ہیں۔ 2017 میں آپ نے ٹیم ورک کے جس جذبہ سے کام کیا اس کا ثمر آپ کے سامنے ہے۔ ہمیں مزید محنت کرنی ہے اور بیمہ داروں کو بھرپور معاشی تحفظ فراہم کر کے کارپوریشن کو بیمہ کی صنعت میں نمایاں مقام دینا ہے۔ ادارہ تحفظ آپ کی ترقی اور کارپوریشن کی کامیابی کے لئے دعا گو ہے۔



ایڈیٹر

ccd.statelife@yahoo.com

رضیہ رمضان ڈوسہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ، سی سی ڈی)

محمد احمد اللہ خان
ڈپٹی ایڈیٹر

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر5725، کراچی -75530
ٹیلی فون نمبر: 99202819 (021) فیکس: 99202868 (021)

لے آؤٹ ڈیزائن، آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

# اسٹیٹ لائف کنوینشن 2018، بیمہ کاروں کا روایتی اجتماع




چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر، ایگزیکٹیوڈائریکٹر، جی ایم مارکیٹنگ کنونشن 2017 کے ٹاپ کوالیفائرز کے ساتھ اسٹیج پر موجود

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کا سالانہ کنوینشن ہرسال کی طرح پرل کانٹی نینٹل ہوٹل بھوربن (مری) میں 22 سے 25 اپریل، 2018 کو منعقد ہوا۔ اس کنوینشن میں کاروباری اہداف مکمل کرنے والے کم وبیش 200 فیلڈ کارکنان وافسران نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ ریجنل چیفز، زونل سربراہان، مارکیٹنگ ڈویژن کے اعلیٰ افسران، اسٹیئرنگ کمیٹی کے ممبران، ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب غفران میمن، ڈویژنل ہیڈز کے علاوہ چیئرمین جناب شعیب میر نے بھی شرکت کی۔ کنوینشن میں گروپ اینڈ پینشن ڈویژن، بینک اشورنس اور گلف زون نے بھی بطور کوالیفائر شرکت کی۔

اسٹیٹ لائف کنوینشن کا بنیادی مقصد جہاں ٹارگٹ کو پورا کرنا ہے وہیں مارکیٹنگ فورس کو تفریح کے ساتھ ساتھ مل بیٹھ کر اپنے تجربات کی روشنی میں فروغِ کاروبار کے لئے تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرنا ہوتا ہے۔

مندوبین کنوینشن 22 اپریل کو صبح 9 بجے سے ہی بھوربن پہنچنا شروع ہوگئے تھے، جہاں مارکیٹنگ ڈویژن نے اُن کے بھرپور استقبال کا انتظام کیا تھا۔ اسٹینڈنگ کمیٹی کے لوگوں نے مندوبین



چیئرمین جناب شعیب میر شرکا سے خطاب کررہے ہیں



جناب اظہر حسین کنوینشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے



پی سی ہوٹل کے سبزہ زار پر چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر پاکستان کا جھنڈا لہرا رہے ہیں، اس موقع پر ایگزیکٹوڈائریکٹرز اور جی ایم مارکیٹنگ بھی موجود ہیں





چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کنوینشن کے کوالیفائرز کو شیلڈز دیتے ہوئے




جناب شعیب میر کا کنونشن میں شریک خواتین کے ساتھ گروپ فوٹو

کنونشن کو فرداً فرداً خوش آمدید کہا۔ پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔اس سے پہلے مری اور اسلام آبا کے بیچ ایک جگہ پر روک کر مندوبین کنونشن کی چائے اور کولڈ ڈرنک سے تواضع کی گئی۔ ہوٹل کو اندر سے اور کنونشن ہال کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔سارے دن مہمانوں کے آنے کا سلسلہ جاری رہا۔

اگلے روز صبح پرچم کشائی کی تقریب ہوٹل کے سبزہ زار پر ہوئی،جس کے مہمان خصوصی چیئرمین جناب شعیب میر تھے۔ جناب چیئرمین نے پاکستان اور اسٹیٹ لائف کا جھنڈا لہرایا اور قومی ترانہ پڑھا۔اس موقع پر مارکیٹنگ کا ترانہ بھی سنایا گیا۔



چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کنونشن کے کوالیفائرز کو شیلڈز دیتے ہوئے

بعد ازاں مندوبین کنونشن، کنونشن ہال پہنچنا شروع ہوگئے۔ کنونشن ہال کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ چیئرمین جناب شعیب میر، جناب غفران میمن، ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور جنرل منیجر (مارکیٹنگ) جناب اظہر حسین جب اسٹیج پر تشریف لائے تو شرکاء نے کھڑے ہو کر ان کا پرجوش استقبال کیا۔ اسٹیج پر چیئرمین و ڈائریکٹر کے ہمراہ ان فیلڈ کارکنان و افسران کو اسٹیج پر بیٹھنے کے لئے مدعو کیا گیا جنہوں نے سال 2017 میں نمایاں کارکردگی دکھائی، ان میں سیکٹر ہیڈ کراچی ایسٹ جناب محمد اکبر، ایریا منیجر فیصل آباد زون جناب رضوان ارشد، سیلز منیجر کراچی ساؤتھ جناب نریش کمار اور سیلز آفیسر گوبندرام شامل ہیں۔

افتتاحی اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نعت رسول مقبولؐ پیش کی گئی۔ بعد ازاں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے 2017 کا کاروباری جائزہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ دوستو، چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کی لیڈرشپ میں پچھلے سال اس کارپوریشن نے نئے پریمیم کی مد میں -/172,500,000 پرسسٹینسی دوسرے سال کا بزنس 80% رینیول پریمیم کی مد میں 89% اضافہ کیا۔اسی طرح ٹوٹل پریمیم کی مد میں 2017 میں تقریباً 85 ارب روپے رہا۔




چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر جیتنے والے خوش نصیب کو کار کی چابی دے رہے ہیں

جس میں کنونشن کوالیفائرز بھی شامل تھے۔ انہوں نے کاروبار کی بہتری اور محنت پر زور دیا،ہمیں بہتر سے بہتر افراد کو ساتھ لے کر چلنا ہے۔ہمیں بیمہ زندگی کا پیغام گھر گھر پہنچانا ہے اور اپنے ہم وطنوں کو بچت اور تحفظ فراہم کرنا ہوگا۔

انہوں نے اس موقع پر تمام شرکائے کنونشن کو خوش آمدید کہا اور مبارک باد پیش کی۔

چیئرمین جناب شعیب میر نے اپنے افتتاحی خطاب میں تمام شرکائے کنونشن کو خوش آمدید کہا، انہوں نے اس بات پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ اس کنونشن میں بڑی تعداد میں خواتین نے بھی کوالیفائی کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف ملک




چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر جیتنے والی خوش نصیب کو موٹر سائیکل کی چابی دے رہے ہیں




چیئرمین جناب شعیب میر کا کنوینشن کے لئے بنائی گئی اسٹیٹ لائف کی کمیٹیوں کے ساتھ گروپ فوٹو

کی سب سے بڑی انشورنس کارپوریشن ہے جو عوام کے مختلف طبقات کو انشورنس کی سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ اسٹیٹ لائف میں آپ جیسے بہترین بیمہ کار بھی کارپوریشن کا بیمہ بڑھانے میں میرے ساتھ ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ زیادہ سے زیادہ عوام کو معاشی منصوبہ بندی کے لئے بیمہ زندگی کی طرف مائل کرتے رہیں گے۔ جس سے یقیناً آپ کو معاشی آسودگی ملے گی اور ضرورت مند عوام کو بھی آنے والے مشکل معاشی مسائل سے نمٹنے کا موثر حل ملے گا۔

اس موقع پر میں تمام افسران واسٹاف، کارکنان اور مارکیٹنگ فورس سے یہی توقع کروں گا کہ وہ اجتماعی مقاصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے ادارے کے لئے پوری دیانت داری سے فرائض انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کی حیثیت دیگر مالیاتی اداروں سے مختلف ہے۔ جس کو ہم نے صحت مند تجارتی بنیادوں پر استوار کرنا ہے۔ یہ بھی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ ہمارے ملک کو بچت کی زیادہ ضرورت ہے اور یہ کام ہم سے زیادہ بہتر طریقے سے کوئی نہیں کر سکتا۔ اس موقع پر انہوں نے کنوینشن کے باقاعدہ آغاز کا اعلان کیا اور تمام شرکاء کنوینشن کو بھرپور مبارک باد دی۔ تقریر کے اختتام پر چیئرمین نے شرکاء کو شیلڈ اور گولڈ میڈل پیش کیے۔ ان کے ہمراہ جناب غفران میمن، جناب اظہر حسین، ریجنل چیفز اور زونل سربراہ بھی موجود تھے۔

اسٹیٹ لائف کنوینشن 2018 کے موقع پر شریک کوالیفائرز کے لئے ایک لکی ڈرا کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں ایک 800 سی سی کار، اور 7 موٹر سائیکل شامل تھیں۔ اس قرعہ اندازی میں سیلز منیجر گوجرانوالہ زون جناب نسیم اللہ وراک کار حاصل کرنے والے خوش نصیب ٹھہرے۔ ریجن وائز موٹر سائیکل کی قرعہ اندازی میں ایریا منیجر گجرات زون جناب احسان الٰہی، سیلز آفیسر کراچی ساؤتھ جناب گوپی چند، ایس آر میر پور خاص محترمہ سرلہ کماری، سیلز منیجر جھنگ زون جناب ذیشان حیدر، سیلز منیجر فیصل آباد زون جناب مظہر عباس اور سیکٹر ہیڈ فیصل آباد زون جناب محمد سرور موٹر سائیکل جیتنے والے خوش نصیب ٹھہرے۔ بعد ازاں جناب چیئرمین شعیب میر نے کار اور موٹر سائیکل کی چابیاں جیتنے والے خوش نصیبوں کو پیش کیں۔

چائے کے وقفے کے بعد کوالیفائر کے درمیان تجربات کی روشنی میں تقریری مقابلہ کا موضوع تھا۔ (Importance of Renewal Premium) اول دوم اور سوم پوزیشن محترمہ حمیرہ مظہر، جناب شیر محمد اور جناب طاہر مجید نے حاصل کی۔ خصوصی انعام محترمہ کلثوم بی بی کو دیا گیا۔

کنوینشن 2018 میں اپنے خطاب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے فرداً فرداً تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اسٹیئرنگ کمیٹی، ورکنگ کمیٹی، مارکیٹنگ ڈویژن اور سی سی ڈی کا کنوینشن کے انتظامات پر شکریہ ادا کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ہوٹل انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔ کنوینشن 2018 میں نظامت کے فرائض اے جی ایم مارکیٹنگ جناب عبدالغفار اور زونل ہیڈ اسلام آباد زون جناب اسد علی شاہ نے انجام دیئے۔

رپورٹ۔ جنیدالرحمان
سی سی ڈی




کراچی کے کوالیفائرز کے ساتھ چیئرمین جناب شعیب میر کا گروپ فوٹو



پی سی بھوربن میں حاضرین کی ایک جھلک

# سیکریٹری کامرس جناب یونس ڈاگھا کی اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس آمد



سیکریٹری کامرس جناب یونس ڈاگھا میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب غفران میمن اور دیگر سینئر افسران بھی موجود ہیں

گزشتہ دنوں سیکریٹری کامرس جناب یونس ڈاگھا نے اسٹیٹ لائف کے پرنسپل آفس کا دورہ کیا۔ اسٹیٹ لائف پہنچنے پر ایگزیکٹو







سیکریٹری کامرس جناب یونس ڈاگھا کی اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس آمد کے موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز جناب غفران میمن اور روشن علی شیخ ان کا استقبال کرتے ہوئے

ڈائریکٹرز جناب غفران میمن اور روشن علی شیخ نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے ان کو گلدستہ پیش کیا۔

اپنی آمد کے فوراً بعد انہوں نے اسٹیٹ لائف کے اعلیٰ افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ جناب یونس ڈاگھا کو اسٹیٹ لائف کے بینک اشورنس کے بزنس کے بارے میں بریفنگ دی۔

انہوں نے کارپوریشن کے بینک اشورنس کے بزنس کو جدید خطوط پر استوار کرنے پر زور دیا تاکہ بینک اشورنس کے بزنس میں خاطرخواہ اضافہ ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ اس بزنس میں ابھی بہت گنجائش باقی ہے اوراس پر زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے رئیل اسٹیٹ ڈویژن کو بلڈنگز کو بہتر کرنے اور نامکمل بلڈنگز کو جلد از جلد مکمل کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر انہوں نے بلڈنگز مینٹینینس پر بہت زور دیا، تاکہ کرایہ داروں کا اعتماد آپ پر مزید بحال ہوسکے۔ اس موقع پر انہوں نے لائف انشورنس کے بزنس کو مزید بڑھانے اور اس میں انقلابی تبدیلیاں لانے کو کہا تاکہ بیمہ زندگی کا پیغام ملک کے کونے کونے میں پہنچایا جاسکے۔ بعدازاں میٹنگ کے اختتام پر جناب غفران میمن نے سیکریٹری کامرس کا شکریہ ادا کیا۔

(تحفظ رپورٹ)



سیکریٹری کامرس جناب یونس ڈاگھا، ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب غفران میمن اور دیگر سینئر افسران

# ایبٹ آباد زون میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات

گزشتہ ماہ ایبٹ آباد زون میں تقسیم انعامات کے سلسلے میں گرینڈ فنکشن کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمانِ خصوصی جنرل منیجر وڈویژنل ہیڈ (مارکیٹنگ ) جناب اظہر حسین تھے ۔ ریجنل چیف (خیبر پختونخواہ) جناب خالد منصور بھی ان کے ہمراہ تشریف لائے۔ مہمانوں کے استقبال کے لئے علاقائی ثقافت ڈھولک کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا تھا۔ طلائی ہار، پھولوں کے گلدستے اور پھولوں کی پتیوں سے مہمانوں کا استقبال کیا گیا۔



جناب اظہر حسین قرعہ اندازی میں کامیابی پر موٹر سائیکل کی چابی پیش کر رہے ہیں



زونل سربراہ جناب محمد خالد معزز مہمان کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

زونل سربراہ ایبٹ آباد زون جناب محمد خالد نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور شرکائے فنکشن خصوصاً ماہ دسمبر 2017ء انعامی مقابلہ کے کامیاب ساتھیوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ ماہ دسمبر 2017 میں جنرل منیجر وڈویژنل ہیڈ (مارکیٹنگ ) جناب اظہر حسین ایبٹ آباد زون تشریف لائے تھے اور ایریا منیجرز و فیلڈ فورس کے ساتھیوں کے لئے لاکھوں کے انعامات کا اعلان کیا جو کہ ایبٹ آباد زون کے بہت سے ساتھیوں نے مطلوبہ اہداف کی تکمیل پر جیتے ہیں۔ انہوں نے جناب اظہر حسین کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ نئے سال کے آغاز پر بھی ویسے ہی اعلانات کریں گے۔

ریجنل چیف جناب خالد منصور نے بھی جناب اظہر حسین کو خیبر پختونخواہ کے زون ایبٹ آباد تشریف لانے پر خوش آمدید کہا اور شرکائے میٹنگ سے بہترین کاروباری نتائج کی توقع کا اظہار کیا۔

مہمانِ خصوصی جناب اظہر حسین نے شرکائے میٹنگ اور زونل سربراہ ایبٹ آباد زون جناب محمد خالد کا پرجوش استقبال کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف ایک عظیم ادارہ ہے اور فیلڈ کے ساتھی عظیم سے عظیم تر ہیں کہ جن کی بدولت سال 2017 میں کارپوریشن اپنے مطلوبہ اہداف مکمل کر پائی ۔ انہوں نے اس شاندار کارکردگی پر فیلڈ فورس کو مبارک باد اور ہدیہ تہنیت پیش کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب کے دوران بیمہ زندگی کی اہمیت وافادیت اور خصوصاً بیمہ پالیسی کی فروخت پر روشنی ڈالی۔ حاضرین نے ان کی گفتگو اور تجربہ بھری باتوں کی تالیاں بجا کر خوب داد دی۔

قرعہ اندازی کے ذریعے 149 انعامات دیئے گئے جس میں موٹر سائیکل، عمرہ ٹکٹ اور دیگر قیمتی اشیاء شامل تھیں۔ ڈویژنل ہیڈ (مارکیٹنگ ) کی جانب سے فیلڈ کے لئے اعلان کردہ 03 موٹر سائیکلیں بھی قرعہ اندازی میں دی گئیں۔ یوں یہ رنگارنگ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

رپورٹ: عبدالرشید

ڈپٹی منیجر (زونل ہیڈ سیکریٹریٹ)



شرکاء معزز مہمانانِ گرامی کا خطاب سماعت فرماتے ہوئے

# اسٹیٹ لائف کی مرکزی سیرت کمیٹی کے زیر اہتمام جلسہ عید میلا د النبیؐ



جلسہ عید میلا د النبیؐ سے عالم دین مولانا اکرام خطاب کرر ہے ہیں

مرکزی سیرت کمیٹی، اسٹیٹ لائف کی جانب سے 10 مئی، بروز جمعرات جلسہ عید میلا د النبیؐ منعقد ہوا جس میں فیلڈ فورس، اسٹاف و افسران نے ذوق وشوق اور عقیدت و احترام سے شرکت کی۔ محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت جناب محمد امین کو حاصل ہوئی۔

ملک کے مایہ ناز عالم دین جناب مولانا اکرام صاحب نے سیرت طیبہ پر



ملک کے معروف نعت خواں جناب شفیق احمد

روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کی رُشد و ہدایت کے لئے آفاقی پیغام لائے اور زمانہ جاہلیت میں جو رسم و رواج فرسودہ تھے ہدایت کی ایک رمق پیدا کی اور انسانیت کا درس دیا۔ وفا، خلوص، ایمان، وحدانیت کے زریں اصولوں سے اپنے صحابہؓ کی اخلاقی تربیت کی جس کی بدولت پوری دنیا میں دین کا پیغام تیزی سے پھیلتا گیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ میں اپنے پاس سے کچھ نہیں کہتا میرا رب جو مجھے بتاتا ہے وہ میں آگے بیان کر دیتا ہوں۔ وہی واحد ہے، اکیلا ہے، سب کا مددگار اور شرک کو حق تعالیٰ نے ناپسند فرمایا ہے۔ درود شریف کے پیغام کو جو سورہ احزاب میں حق تعالیٰ نے فرمایا کہ میں اور میرے فرشتے آسمانوں پر میرے حبیبؐ پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی میرے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر خوب درود وسلام بھیجو۔ اگر تم ایسا کرو گے تو میں تم سے خوش ہو جاؤں گا۔ تمہاری مرادوں کو پورا کروں گا اور تمہاری نیکیاں بڑھا دوں گا۔ ایک کے بدلے 10 درجہ بلند کروں گا، یہی نہیں بلکہ نیکیوں کو تمہارے گمان سے بھی زیادہ کر دوں گا، خطاؤں کو نیکیوں سے بدل دوں گا۔ دعاؤں کو مستجاب کرنے کے لئے درود پڑھنا بے حد ضروری ہے۔

علامہ محمد رضا داؤ دانی نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ امت مسلمہ کو یکجا کرنے کے لئے درود شریف کا ورد بے حد ضروری ہے اس کے بدلے حق تعالیٰ عافیت دارین کی کامیابیاں عطا کرتا ہے لوگوں کے دلوں کو جوڑتا ہے تمام مہمات سے عافیت میں آنے کے لئے خیر کا ذریعہ ہے۔ آسمان پر فرشتے حق تعالیٰ کے حکم پر درود پڑھتے ہیں اپنے حبیبؐ پر اور زمین پر بندوں سے چاہتا ہے کہ وہ کثرت سے درود پاک کا ورد کریں۔ نبی پاکؐ نے گالیاں کھا کر بھی دعائیں دیں۔ آپ کو تکالیف پہنچائی گئیں۔ کفار مکہ اور طائف کے لوگوں کے لئے ہدایت کی دعائیں کیں مگر نماز کے معاملے پر آپؐ نے فرمایا کہ جو لوگ نماز بلا کسی وجہ گھر پر پڑھتے ہیں آگ لگے ایسے گھروں کو۔ مجھے بچوں اور عورتوں کا خیال آتا ہے ورنہ سب مشکل میں ہوتے۔ دوسری جانب فرمایا جب میرا نام آئے اور درود نہ پڑھا جائے وہ دین و دنیا میں ہلاک ہوں۔ نماز کے لئے آپ نے فرمایا میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ نماز نبی پاکؐ کی سنت ہے۔ رب تعالیٰ کا حکم ہے ایک نماز پڑھ کر دوسری نماز کے انتظار میں رہو کہ پورے وقت عبادت کے مترادف ہے۔ حق تعالیٰ آپ کو اور مجھے ہدایت عطا فرمائیں۔ آخر میں ملک و ملت کی سلامتی کے لئے دعائیں کی گئیں۔ مہمان نعت خواں جناب شفیق احمد نے اپنے مخصوص انداز میں ہدیہ عقیدت پیش کیا جس کو حاضرین نے بہت پسند کیا اور خوب داد دی۔

علاوہ ازیں ملازمین کے درمیان نعتیہ مقابلہ کا اہتمام کیا گیا جس میں اول انعام کے لئے محمد عاطف تیموری، سدرن زون سے جبکہ دوم انعام کے لئے سیلز ریپریزنٹیٹو سدرن زون حسن عباس اور تیسرے انعام کے لئے محمد جنید قدیر کامیاب قرار پائے۔ خصوصی انعام ننھے بچوں عبدالرافع نسیم اور عبدالرافع شہزاد کو دیئے گئے۔ کراچی سدرن زون کے ریٹائرڈ ساتھی جناب منظور صاحب کو خوش الحانی سے نعت پڑھنے پر انعام سے نوازا گیا۔



مقرر علامہ محمد رضا داؤ دانی خطاب کرتے ہوئے

آخر میں کنوینر مرکزی سیرت کمیٹی جناب اظہر حسین نے مقابلے میں اول، دوم، سوم آنے والوں میں خصوصی انعامات پیش کئے آپ نے اظہار تشکر کرتے ہوئے فرمایا کہ آج جو کچھ نعمتیں ہمیں ملی ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت سے عطا ہوئی ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ ہم پوی لگن، محنت سے ادارے کے لئے کام کریں۔ آپ نے بہترین انتظامات پر منتظمین جلسہ کی تعریف کی۔ جلسے میں ریجنل چیف ساؤتھ



جناب اقبال بیگ نظامت کے فرائض انجام دیتے ہوئے

جناب صدیق اکبر، زونل ہیڈ کراچی سدرن زون جناب شاہ نواز سومرو، ڈویژنل ہیڈ لا ڈویژن جناب منظور وگھیو اور اسٹیٹ لائف انشورنس ایمپلائز یونین آف پاکستان کے صدر جناب شاہد وحید نے خصوصی شرکت کی۔ جلسے کی نظامت اور دعا کو آرڈی نیٹر مرکزی سیرت کمیٹی جناب مرزا اقبال بیگ نے انجام دی۔

رپورٹ: احمد اللہ خان،
ڈپٹی منیجر، سی سی ڈی





شرکاء جلسہ عید میلا د النبیؐ

# اسٹیٹ لائف اسپورٹس کلب، پرنسپل آفس کی تقریب تقسیم انعامات



ایگزیکٹیوڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس جناب غفران میمن، صدر کلب جناب اقبال بیگ کا ٹرافی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کے ساتھ گروپ فوٹو



صدر کلب جناب اقبال بیگ، جناب غفران میمن کو گلدستہ پیش کررہے ہیں

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف اسپورٹس کلب، پرنسپل آفس میں تقسیم انعامات برائے ٹیبل ٹینس منعقد ہوئے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی ایگزیکٹوڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس جناب غفران میمن تھے۔ اس تقریب میں اسٹیٹ لائف ایمپلائز یونین آف پاکستان کے صدر، افسران اور اسٹاف نے شرکت کی۔



جناب غفران میمن کیک کاٹتے ہوئے

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ صدر اسٹیٹ لائف اسپورٹس کلب جناب مرزا اقبال بیگ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہمیں اس بات کی بے حد خوشی ہے کہ ہمارے محترم جناب غفران میمن نے ہماری دعوت کو قبول فرمایا اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے بنفس نفیس شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ میں اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ای ڈی صاحب کے سامنے یہ گزارش کررہا ہوں کہ کلب کی سرگرمیاں جاری رکھنے کے لئے فنڈز کی شدید قلت ہے۔ جو فنڈز ہمیں سالانہ ملتا ہے وہ چالیس ہزار روپے ہے جو کہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ آپ سے بحثیت ایگزیکٹوڈائریکٹر امید کرتے ہیں کہ ہمارے اس مطالبے کو جو فنڈز کے حوالے سے ہے اگر اسے کم از کم چالیس ہزار روپے ماہانہ کردیا جائے جو کہ سالانہ ہے تاکہ آنے والے کھلاڑیوں، اسٹاف وافسران جو کہ فٹ بال، کرکٹ، ٹیبل ٹینس اور دیگر کھیلوں کے مشاغل میں دلچسپی لیتے ہیں اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں اور ادارہ جو کہ پبلک سیکٹر ہے کھلاڑی پبلسٹی کا بہترین ذریعہ ثابت ہوں گے۔ ہمارے فٹ بال ٹیم کے کھلاڑی، ٹیبل ٹینس کے کھلاڑی، قومی اداروں پی آئی اے، پی ایس او، کسٹم اور دیگر اداروں اسپورٹس انجمنوں کے درمیان کھیل کر انعامات پاچکے ہیں ماضی میں ہمارے پاس ٹیبل ٹینس کے بہت اچھے کھلاڑی رہے ہیں۔ ہم آپ کی سرپرستی میں کھیلوں کے فروغ کے لئے تعاون چاہتے ہیں امید ہے کہ آپ ہمیں مایوس نہیں کریں گے۔

ایگزیکٹیوڈائریکٹر جناب غفران میمن نے اپنے خطاب میں کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ آپ کے درمیان ایک ایسا فورم ہے جو کھلاڑیوں کی بہبود کے لئے سرگرم ہے انہوں نے کہا کہ آپ کے درمیان اسپورٹس میں دلچسپی لینے والے ساتھی ہوں تو خود آپ کو بھی شوق پید ہوتا ہے۔ ایک ماحول بنتا ہے جس سے کام میں بہتری آتی ہے انسان ایکٹیو رہتا ہے دفتری کام کے ساتھ ساتھ اسپورٹس ایکٹیویٹی بے حد ضروری ہے۔ فٹ بال کے کھلاڑیوں کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ان کھلاڑیوں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے میری جہاں بھی ضرورت ہو میں حاضر ہوں اس موقع پر جناب غفران میمن نے کلب کے صدر کے استفسار پر اسٹیٹ لائف کلب کو بنانے Renovate کرنے اور ازسرنو تعمیر کے احکامات جاری کئے اس کے علاوہ خواتین کے لئے بھی نماز کے لئے جگہ مختص کی جائے گی۔ اس موقع پر جناب غفران میمن نے کلب کے لئے ماہانہ اسپورٹس بجٹ پچاس ہزار روپے کرنے کا اعلان کیا۔


آخر میں ٹیبل ٹینس کے کھلاڑیوں میں انعامات کا اعلان کیا۔ جس میں اول آنے والے جناب محمد یامین (رئیل اسٹیٹ ڈویژن) جبکہ دوسرے انعام کے لئے جناب جمشید مجیب اور تیسرے انعام کے لئے جناب اعظم علی کامیاب قرار پائے۔

خصوصی انعام جناب ضیاء درانی اور جناب اقبال گابا اور عبدالواحد کو دیئے گئے۔ تقریب کے اختتام پر ایگزیکٹوڈائریکٹر جناب غفران میمن نے کیک کاٹا۔

(تحفظ رپورٹ)



جناب غفران میمن کلب کی خواتین ممبران کے ساتھ



حاضرین خطاب سنتے ہوئے

# فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان اور اسٹیٹ لائف انتظامیہ کے مابین مذاکرات



جی ایم مارکیٹنگ جناب اظہر حسین فیلڈ ورکرز فیڈریشن مذاکرات کی صدارت کرتے ہوئے

گزشتہ دنوں پرنسپل آفس کراچی میں مذکورہ مذاکرات منعقد ہوئے جس میں انتظامیہ کی جانب سے درج ذیل عہدیداران شامل ہوئے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ ایف اینڈ اے جناب محمد راشد، ڈویژنل ہیڈ پی اینچ ایس جناب شیر علی عباسی، ڈویژنل ہیڈ میڈیکل (سی ایم اے) ڈاکٹر نثار علی شاہ، ریجنل چیف ساؤتھ جناب صدیق اکبر، ریجنل چیف سینٹرل جناب ناصر داؤد، ریجنل چیف حیدرآباد محمد اقبال گل، منیجر مارکیٹنگ جناب عبدالغفار کپاڈیا جبکہ فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے درج ذیل عہدیداران شامل ہوئے۔

صدر جناب محمد اصغر، سیکریٹری جنرل آغا سہیل کامران خان، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل جناب ساجد محمود شیخ، نائب صدر جناب حسن علی جعفری، سیکریٹری فنانس جناب قمر الزمان بٹ، سیکریٹری اطلاعات جناب اسلم پرویز، سینئر نائب صدر (FWA) کراچی سدرن زون جناب نور الٰہی، صدر لاڑکانہ زون (FWA) ڈاکٹر منظور مغل، جنرل سیکریٹری کراچی ایسٹرن زون (FWA) میاں ارشد محمود، صدر ڈیرہ غازی خان (FWA) غلام شبیر کھوکھر۔

صدر جناب محمد اصغر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ایف بی آر آفس کے دورے اور چیئرمین سے ملاقات کا ذکر کیا جس میں چیئرمین جناب



چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کا جناب محمد اصغر صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور دیگر عہدیداروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

شعیب میر نے ہر قسم کی معاونت کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے فیلڈ ورکرز ٹرسٹ، فنڈز کی ریلیز، ٹیکس، زیر التوا فیلڈ ورکرز کے مسائل کی جانب نشاندہی کرتے ہوئے انہیں جلد حل کرنے کی جانب توجہ دلائی۔

مزید برآں جنرل منیجر ایگزیکیٹو جناب فیصل ممتاز سے ملاقات میں قومی و بین الاقوامی بیمہ نمائندگان اور ہیلتھ انشورنس کا بھی ذکر کیا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے تمام شرکاء کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور تمام متذکرہ معاملات پر ذاتی دلچسپی لے کر حل کروانے کی یقین دہانی کروائی ہے۔ جس میں ٹرمیڈ اایس آر ORPHAN ایجنسیز کی رینیول کمیشن کی آمدن میں سیلز منیجر کی حصہ داری، پالیسی فیس 100 روپے کی کمیشن کا معاملہ 4.35% کے 40 سالہ Ratio پر نظر ثانی۔ فیلڈ ورکرز اسٹرکچر 2000 پر نظر ثانی، فیلڈ ورکرز گروپ انشورنس پالیسیز پر لیٹ فیس شامل ہیں۔

میڈیکل مراعات فیلڈ ورکرز (DOA) کی عمر میں 85 سال تک اضافہ، روم رینٹ کے بجائے جنرل یا پرائیویٹ وارڈ مہلک بیماریوں (ہیپاٹائٹس B-C وغیرہ) کی دو مرتبہ اجازت، سینٹرلائزڈ (مرکزی) Data کا انتظام کرنا۔ ڈویژنل ہیڈ (میڈیکل) سی ایم اے ڈاکٹر نثار علی شاہ نے فیلڈ ورکرز فیڈریشن کو سراہتے ہوئے تجویز پیش کی کہ تمام عہدیداران اور زونز کی ایسوسی ایشنز کے صدر و جنرل سیکریٹریز کے فون نمبرز CMA کو فراہم کر دیئے جائیں جس سے فوری مدد ممکن ہو۔ پروموشن کے وقت ایک مرتبہ میڈیکل چیک اپ جبکہ موجودہ حالات و مہنگائی کے حساب سے میڈیکل مراعات و دواؤں کی قیمت پر بھی نظر ثانی کی جائے۔ اجلاس میں تمام شرکا عمومی دلچسپی لے کر تمام متعلقہ معاملات پر سیر حاصل گفتگو کی۔ جس سے ادارے اور فیلڈ ورکرز کی اجتماعی بھلائی اور بہتری عمل میں لائی جا سکے۔

رپورٹ: اسلم پرویز
سیکریٹری اطلاعات، فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان



فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے عہدیداران کے ساتھ جی ایم مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کے ساتھ گروپ فوٹو

# راولپنڈی زون کے تحت کوالیفائرز کے اعزاز میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور ریجنل چیف نارتھ چوہدری محمد اعجاز شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی زون کے تحت کوالیفائرز کے اعزاز میں تقریب اور تقسیم انعامات منعقد ہوئی، مہمانِ خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین تھے۔تقریب کی صدارت ریجنل چیف (نارتھ) جناب چوہدری محمد اعجاز نے کی۔

زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور فیلڈ کارکنان نے شرکت کی۔ سال 2017 کی بنیاد پر اسٹیج پر نمبرون، سیکٹر ہیڈ جناب مرزا خالد محمود، ایریا منیجر جناب محمد آصف، سیلز منیجر جناب محمد نصیر، سیلز آفیسر جناب محمد نعیم اور سیلز نمائندہ جناب محمد ارشد کو بٹھایا گیا۔

مہمانانِ گرامی جناب ڈویژنل ہیڈ اور ریجنل چیف کے آنے پر تقریب کے شرکاء نے بھرپور استقبال کیا۔مہمان گرامی کو پھولوں کے بوکے پیش کیے گئے اور ہار پہنائے گئے۔

زونل ہیڈ راولپنڈی نے جناب اظہر حسین کا ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔ان کی موجودگی سے فیلڈ فورس کی بہت حوصلہ افزائی ہوئی۔ زونل ہیڈ صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی زون کی ترقی میں اظہر حسین صاحب کا بہت نمایاں کردار ہے۔اور اس کے ساتھ ساتھ میں تمام کوالیفائرز کو سلام پیش کرتا ہوں جو اپنی محنت اور اچھی کارکردگی کی بنا پر اس تقریب میں شامل ہوئے۔

ریجنل چیف (نارتھ) چوہدری محمد اعجاز صاحب نے تمام کوالیفائرز کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ ان سرگرمیوں سے ہماری فیلڈ فورس میں نیا جذبہ پیدا ہوگا۔

ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین صاحب نے اپنے مخصوص انداز میں فیلڈ فورس کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مزید محنت اور لگن سے کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ کارپوریشن میں ان کو نمایاں مقام حاصل ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا وقار اس سال بھی آپ لوگوں کی وجہ سے ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ راولپنڈی زون کارپوریشن میں اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑے گا۔

بعدازاں کمپیوٹر ائزڈ لکی ڈرا کی گئی جس میں بمپر پرائز مہران کار کے علاوہ عمرہ کے ٹکٹ، موٹر سائیکل اور دوسرے قیمتی انعامات شامل تھے۔

کوالیفائرز میں انعامات کے چیکس اور خوبصورت شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔تمام نمایاں پوزیشن کے حامل کوالیفائرز کو ہار پہنائے گئے۔ اس موقع پر نئے ترقی پانے والے منیجر مارکیٹنگ جناب محمد رمضان کو ہار پہنائے گئے اور بوکے پیش کیا گیا۔

جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی طرف سے انعامات کا اعلان کیا گیا۔

آخر میں جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے ملٹی میڈیا پر موٹیویشنل سلائڈز چلائیں جن کو حاضرین نے بہت سراہا۔

تقریب کے آخر میں زونل ہیڈ صاحب نے تقریب کے منتظمین کو زبردست اہتمام کرنے پر مبارک باد دی۔

عابد محمود ملک

ڈپٹی منیجر، راولپنڈی زون




ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین سیلز منیجر جناب عامر شہزاد کو عمرہ کا ٹکٹ اور ایریا منیجر جناب محمد شہزاد کو بمپر پرائز مہران کار کی چابی دیتے ہوئے



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کمپیوٹرائزڈ لکی ڈرا کے دوران

# جھنگ زون میں سالانہ گرینڈ فنکشن کا انعقاد

جھنگ زون میں شاندار سالانہ گرینڈ فنکشن کا انعقاد ہوا جس کی صدارت ریجنل قائد جناب خالد محمود شاہد صاحب نے کی۔ اس شاندار تقریب کا انعقاد زونل قائد جناب محمد اکبر مغل جھنگ زون نے کیا۔ جس میں زون کے فیلڈ کے تمام لوگوں نے شرکت کی،



ریجنل چیف خالد محمود شاہد خطاب کرتے ہوئے

اس شاندار تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ بعدازاں نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔

جھنگ زون میں سال میں ٹاپ کرنے والے سیلز نمائندہ ثقلین عباس کو اسٹیج پر گارلینڈ کیا گیا جنہوں نے سال 2017 میں 32 لاکھ روپے کا پریمیم حاصل کر کے زون میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ جھنگ زون میں سال 2017 میں ٹاپ کرنے والے سیلز آفیسر محمد لطیف، سیلز منیجر میڈم کلثوم بی بی جنہوں نے جھنگ زون کی تاریخ میں ایک کروڑ 33 لاکھ کی بیمہ پالیسی بیچ کر خواتین میں سب سے پہلی ایریا منیجر بننے والی خاتون کا اعزاز بھی حاصل کیا۔

اپنے خطاب میں جھنگ زون کے قائد جناب محمد اکبر مغل نے فیلڈ ورکرز کے اندر خون کی گردش کو تیز تر کرنے کے لئے ایک خوبصورت انداز میں بیمہ کی انفرادیت پر روشنی ڈالی اور فیلڈ کے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ محنت کی تلقین کی گئی، جناب خالد محمود شاہد صاحب کو دعوتِ خطاب دی گئی، انہوں نے بڑے خوبصورت انداز میں ماہِ فروری 2018ء کو شاندار بنانے کے لئے حکمت عملی سے نوازا اور جھنگ زون کی اعلیٰ کارکردگی پر زونل ہیڈ جناب محمد اکبر مغل صاحب کو مبارکباد پیش کی اور جھنگ زون کی مستقبل میں مزید کامرانیوں کی دُعا کی، آخر میں دسمبر آیا خوشحالی لایا کونٹیسٹ کے کوالیفائرز کے درمیان میگا لکی ڈرا کی قرعہ اندازی کی گئی، ہر سیکٹر کی قرعہ اندازی الگ الگ ہوئی۔ جبکہ اپنے خطاب میں جناب محمد اکبر مغل نے فیلڈ ورکرز کے اندر خون کی گردش کو تیز کرنے کے لئے زون کی سطح پر ایک کار کی قرعہ اندازی کی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کی طرف سے اعلان کردہ کونٹیسٹ 4 عمرے کے ٹکٹ کی بھی قرعہ اندازی کی گئی، اس میں 305 خوش نصیبوں کو قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات سے نوازا گیا۔

رپورٹ محمد فاروق ملک
ایریا منیجر جھنگ زون



زونل سربراہ محمد اکبر مغل خطاب کرتے ہوئے





ایریا منیجر شمشاد علی شاد، سیکٹر ہیڈ طاہر پرویز مہران کار کی چابی لیتے ہوئے





ٹاپ ایریا منیجر غضنفر علی ثاقب اپنی ٹیم کے ہمراہ چاروں کامیاب کوالیفائرز جناب نصیر احمد، مسز نفیسہ نورین، کلثوم بی بی، جناب وقاص احمد چیمہ، خالد محمود شاہد اور محمد اکبر مغل کے ہمراہ

# ملتان میں ریجنل کانفرنس کا انعقاد

گزشتہ دنوں ملتان ریجن میں زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا مقصد ریجنل چیف چوہدری اختر حسین کو خوش آمدید کہنا اور سابق ریجنل چیف داؤد احمد ناصر کو ان کی گرانقدر خدمات اور اچھی پرفارمنس پر سراہنا اور باوقار انداز سے رخصت کرنا، اس کے ساتھ ساتھ مارکیٹنگ ایگزیکٹو کے بزنس میں اضافہ کے لئے ترغیبات دینا تھا۔

اس کانفرنس کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور مہمان اعزاز جناب داؤد اے ناصر تھے جو اپنی کاروباری مصروفیات کے باعث میٹنگ میں شرکت سے قاصر رہے۔

پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا۔ ایریا منیجر جناب فدا حسین نے یہ سعادت حاصل کی جبکہ نظامت کے فرائض جناب عبدالرحمٰن صدیقی نے انجام دیئے تلاوت کلام پاک کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا، جناب اظہر حسین اور چوہدری اختر حسین



چوہدری اختر حسین اور جناب اظہر حسین ہال میں تشریف لا رہے ہیں



ریجنل کانفرنس سے جی ایم مارکیٹنگ اظہر حسین خطاب کرتے ہوئے

کو ہار پہنا کر خوش آمدید کہا گیا۔

ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔

انہوں نے ڈویژنل ہیڈ کو کارپوریشن کے اچھے اہداف کی تکمیل پر مبارک باد پیش کی۔ ملتان ریجن کی 2017 کی کاروباری کامیابیوں کو سراہتے ہوئے حاضرین کو مبارک باد پیش کی اور اپنے پیش رو جناب داؤد احمد ناصر کی خدمات کو اچھے الفاظ میں سراہا۔ مارکیٹنگ ایگزیکٹوز (سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز) کو 2018 میں اپنے اپنے اہداف کی تکمیل پر زور دیتے ہوئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

جناب اظہر حسین نے اپنی تقریر میں کارپوریشن کے کاروباری اعداد و شمار سال 2017 پیش کیئے۔ مارکیٹنگ فورس کی ترقی وخوش حالی کے لئے اپنے عزم اور کوششیں جاری رکھنے کا اظہار کیا۔ انہوں نے سابقہ ریجنل چیف ملتان جناب داؤد احمد ناصر کی محنت اور کام کرنے کے اسٹائل کی تعریف کی اور ملتان ریجن کے کاروباری اہداف کی تکمیل پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اچھی کارکردگی دکھانے والے ملتان ریجن کے زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز کو شاباش دی۔

اس کے بعد مختلف کاروباری مقابلوں میں کامیاب ہونے والے ساتھیوں کو ڈویژنل ہیڈز کی جانب سے ہار پہنائے گئے۔ پروگرام دعائیہ کلمات کے ساتھ اختتام پذیر ہوا تمام حاضرین کو پرتکلف کھانا پیش کیا گیا۔



ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین خطاب کر رہے ہیں

رپورٹ: مرزا نوشیرواں عادل بیگ
اسسٹنٹ منیجر، آر سی، ملتان



شرکا قومی ترانہ پڑھتے ہوئے

# تصویری خبرنامہ



چیئرمین جناب شعیب میر، ایگزیکٹوڈائریکٹر پی اینڈ ایس جناب غفران میمن اور جناب فقیر ایم بلوچ کا پی ایف ایف نیشنل چیلنج کپ میں حصہ لینے والی اسٹیٹ لائف کی فٹ بال ٹیم کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کا سیکٹر ہیڈ اور زونل ہیڈ میٹنگ میں افطار ڈنر کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو



چیئرمین اسٹیٹ لائف کی طرف سے پاکستان بھر میں کارپوریشن میں نمایاں اور اعلیٰ کارکردگی کی بنا پر انچارج زونل سیکریٹریٹ محمد مبشر حنیف کو اسپیشل انکریمنٹ کا لیٹر اور پھولوں سے نوازتے ہوئے۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف جناب طاہر خان اور زونل سربراہ لاہور زون چوہدری انجم رشید کے ہمراہ



ایریا منیجر 2772 چنیوٹ سید ریاض حسین شاہ کو ماہ مارچ کے دوران زون میں ٹاپ کرنے پر زونل ہیڈ جناب رانا عبدالستار جاوید اور سیکٹر ہیڈ مقبول احمد راٹھ ٹرافی اور کیش پرائز دیتے ہوئے



زونل سربراہ لاہور زون سینٹرل چوہدری انجم رشید ہنڈا 125 موٹر سائیکل بذریعہ قرعہ اندازی جیتنے پر سیلز منیجر محمد یونس اختر کو چابی دیتے ہوئے




ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، اپریل 2018 میں سیلز ریپریزنٹیٹو کی عمدہ کارکردگی پر لیپ ٹاپ کا تحفہ دے رہے ہیں زونل ہیڈ ایم اورنگزیب خان بھی اس موقع پر موجود ہیں

# اسٹیٹ لائف میدانِ عمل میں



میر پور آزاد کشمیر: زونل ہیڈ جلیل احمد ہاشمی، محترمہ غزالہ شاہین یوسف، بیوہ محمد یوسف کو 15,260,000/- روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں



لاہور سینٹرل زون: زونل سربراہ چوہدری انجم رشید -/9,445,200 کا ڈیتھ کلیم بیوہ رضوانہ شفیق کو دیتے ہوئے



لاڑکانہ: زونل سربراہ سید نور شاہ بخاری، لاڑکانہ کے معروف پروفیسر ڈاکٹر سیف اللہ جامڑو کوان کی بیمہ پالیسی کا میچوریٹی چیک 8,018,000/- روپے دیتے ہوئے، درمیان میں میچوریٹی انچارج سید ہدایت علی شیرازی نمایاں ہیں



راولپنڈی زون: سیکٹر ہیڈ جناب فاروقی ستی اور ایریا منیجر عمران زاہدی راجا، صفدر محمود (مرحوم) کے بھائی کو 41 لاکھ روپے کا چیک دے رہے ہیں مرحوم نے صرف ایک پریمیم جمع کرایا تھا اور وہ ایک روڈ ایکسیڈنٹ میں وفات پا گئے، سیلز منیجر بابر حسین موجود ہیں



لاہور سینٹرل زون: زونل سربراہ لاہور سینٹرل زون چوہدری انجم رشید، بیوہ قمر النسا کو ڈیتھ کلیم کا چیک مبلغ 1,057,710/- روپے دیتے ہوئے



ملتان زون: زونل سربراہ جناب شاہد حسن عسکری بیمہ دار راؤ محمد اشرف مرحوم کے بھائی راؤ محمد اسلم کو ڈیتھ کلیم کی مد میں 8,13,000/- روپے کا چیک دے رہے ہیں، ایریا منیجر محمد یوسف شیرازی اور سیلز منیجر اعجاز حسین صدیقی اس موقع پر موجود ہیں

# کراچی سدرن زون سیلز منیجرز کا سیمینار اور لکی ڈرا کا انعقاد




اسٹیج پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین، ریجنل چیف صدیق اکبر، زونل ہیڈ شاہنواز سومرو، سیکٹر ہیڈز عابد مسعود اور ساجد علی طاہر، ایریا منیجر ڈاکٹر دلیپ کمار، سیلز منیجر عباس مسیح، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر راجہ مظفر حسین، ایریا منیجر ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری معیز احمد موجود ہیں

گزشتہ دنوں مذکورہ بالا تقریب کا انعقاد کراچی کے نیشنل میوزیم آڈیٹوریم میں ہوا۔ جس میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین چیف گیسٹ اور ریجنل چیف ساؤتھ نے صدارت کی۔ اس تقریب میں سیلز منیجرز، یکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔ اچھی کارکردگی کے حامل سیلز منیجرز کو شیلڈز، پھولوں کے گلدستے اور ہار پیش کئے گئے۔ اس کے علاوہ 30 موٹر سائیکلیں بذریعہ قرعہ اندازی تقسیم کی گئیں۔ معزز مہمانوں کو بھی پھول پیش کئے گئے۔

پروگرام میں تلاوت کلام پاک کی سعادت ایریا منیجر عبدالعزیز اور ہدیہ نعت رسول مقبول سیلز منیجر کرن راشد نے حاصل کی۔ اسٹیج پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف ساؤتھ صدیق اکبر، زونل ہیڈ شاہنواز سومرو، سیکٹر ہیڈز عابد مسعود، ساجد علی، ڈاکٹر دلیپ کمار اور سیلز منیجر عباس مسیح، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن راجہ مظفر حسن اور جنرل سیکریٹری ایریا مینجرز ایسوسی ایشن معیز احمد تشریف فرما تھے۔

ہمارے زونل ہیڈ شاہنواز سومرو کا شمار اُن سربراہان میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے زون میں سیلز نمائندہ سے زونل سربراہ کے عہدے تک رسائی پائی جبکہ یہ حیدرآباد اور سکھر زونز میں بھی سربراہ رہے۔



زونل ہیڈ شاہنواز سومرو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین کو پھول پیش کر رہے ہیں جبکہ ریجنل چیف صدیق اکبر مسرت کا اظہار کر رہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین
اپنے خوبصورت انداز میں محو خطاب ہیں



سینئر سیلز منیجر اسلم پرویز، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین سے شیلڈ حاصل کر رہے ہیں، زونل ہیڈ شاہنواز سومرو بھی نمایاں ہیں

انہوں نے اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر ادا کیا اور تمام مہمانوں کی آمد پر بھی خوشی کا اظہار کیا۔ اپنی ہر ممکن کوشش سے پالیسی ہولڈرز، فیلڈ فورس، مارکیٹنگ اسٹاف آفیسرز سے تعاون کرتے ہوئے بہترین کارکردگی کا یقین دلایا۔ تقریب سے ڈاکٹر دلیپ کمار، سابق اے جی ایم سید صغیر عابد رضوی، راجہ مظفر حسین نے خطاب کیا۔ تقریب کی میزبانی سیکٹر ہیڈ عابد مسعود نے کی۔

ریجنل چیف صدیق اکبر نے ولولہ انگیز انداز میں ساتھیوں سے خطاب کرتے ہوئے اپنے لئے اعلیٰ اہداف مقرر کرنے اور ترقی کرنے کے لئے بہترین حکمت عملی پر زور دیا۔ انہوں نے سیلز ریپریزنٹیٹو سے اپنے موجودہ عہدے تک پہنچنے کے مراحل کا اور حصول کامیابی کا طریقہ کار بھی بتایا۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اپنے صدارتی خطاب میں تمام مقررین کی اچھی باتوں کو دہرایا اور زونل انتظامیہ کو اچھی تقریب اور انعامات حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی جبکہ کچھ انتظامی فیصلوں کے متعلق بھی معلومات کرتے ہوئے زون کی بہترین کارکردگی کے لئے امید ظاہر کی۔ آخر میں شرکاء کو عشائیے کے لئے مدعو کیا گیا۔

رپورٹ: اسلم پرویز
سینئر سیلز منیجر



لکی ڈرا، سیلز منیجر سیمینار کے شرکاء قومی ترانہ سنتے ہوئے

# فروخت کاری کے لئے منظّم ذہن (Disciplined Minds) کی ضرورت ہے



تحریر: محمد افضل جنجوعہ
سابق ڈویژنل ہیڈ

آپ ایک ایسے پیشہ ور ہیں جنہیں منظّم ذہن کی ضرورت ہے ۔منتشر ذہن کے ساتھ آپ نتائج حاصل نہیں کر سکتے۔آپ کو متوقع بیمہ داروں کی تلاش کرنا ہے، ملاقاتیں کرنی ہیں۔ اپنے پلان کو سمجھانا ہے ،خریداروں کی صورتحال اور خیالات کو سمجھنا ہے، پھر ان تمام عناصر میں مطابقت پیدا کر کے فروخت کا کام مکمل کرنا ہے۔اس کے ساتھ اپنے علم کو بڑھانا، عملی اقدامات کرنا، اپنے کام کی رفتار اور اہداف کی بروقت تکمیل پر بھی توجہ مرکوز رکھنا ہے۔

آیئے آپ کو مختصراً بتائیں کہ منظّم ذہن کی خصوصیات کیا ہیں۔

### سوچنے کی آزادی

آپ کو سوچنے کی آزادی ہے ۔اپنے بنیادی کوٹہ تک محدود نہ رہیں۔اس میں جتنا اضافہ چاہیں کریں۔کسی ایک علاقہ یا طبقہ تک محدود نہ رہیں اپنا دائرہ وسیع کرنے کے لئے کوئی آپ کی سوچ پر پابندی نہیں لگاتا۔

### بات کہنے کا سلیقہ

آپ کے کام میں زندگی ہی زندگی ہے۔ بچوں کی تعلیم اور شادیاں، مستقبل کے خواب اور ان کی تعمیر ، بڑی رقومات جمع کرنے کے امکانات ۔مگر نا گہانی حادثات اور اموات کا ذکر بھی ہے۔ یہ سب باتیں کرنے کے لئے سلیقہ کی ضرورت ہے۔

### دلائل پر اعتماد

آپ اپنے خریداروں سے دلائل کے ساتھ بات کرتے ہیں ۔اگر آپ کو دلائل پر اعتماد نہ ہو تو آپ کی گفتگو میں وزن پیدا نہیں ہوتا۔دلیل ہی آپ کا اوزار ہے ۔بلاشبہ جذبات بھی اہم ہیں مگر ان کو بھی دلیل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

### انکساری

آپ اپنے بنیادی کوٹہ کا پانچ گنا یا زائد بھی حاصل کر لیں تو انکساری کا دامن نہیں چھوڑتے ۔خریدار کیسا بھی ہو آپ اسے اہمیت دیتے ہیں اور ہمیشہ عزت اور وقار کو ذہن میں رکھ کر بات کرتے ہیں۔

### تسلسل

آپ کے کام میں تسلسل ایک اہم ترین جزو ہے۔ ہر وقت اگلے ہدف پر نگاہ، ہر وقت کام ،محنت، بھاگ دوڑ، یہ سب آپ کے کام کا حصہ ہے۔

ان تمام عناصر کے حصول اور ان کو برقرار رکھنے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہیئے ۔آپ کا ادارہ ہر طرح سے آپ کے ساتھ ہے۔

# کیا میں بھی کامیاب ہو سکتا ہوں؟



مرزا نوشیرواں عادل بیگ
اسسٹنٹ منیجر R.C ملتان ریجن

یہ وہ سوال ہے جو اکثر نو وارد سیلز نمائندہ کے ذہن میں اُبھرتا ہے جب مارکیٹنگ کی اکثر ایجنسی میٹنگز میں اُن کو ترغیبات دی جاتی ہیں اور کامیاب نمائندوں کو مثال کے طور پر پیش کیا جاتا ہے جو کامیابی تک پہنچنے کا ذاتی طریقہ حاضرین کو بتاتے ہیں۔ بسا اوقات منیجر خود اپنی کامیابی کی داستان سناتے ہیں۔ پھر ایک دوسرا سوال اُبھرتا ہے کہ یہ لوگ تو کامیاب ہو رہے ہیں۔کیا میں بھی کامیاب ہو پاؤں گا؟ یہ وہ سوالات ہیں جو اپنے اندر پیشہ سے لاعلمی، یقین واعتماد سے بھرپور انجانے خوف کا سا احساس لئے ہر نئے نمائندے کی سوچ میں ہوتے ہیں۔

سب سے پہلے ہمیں یہ بات ہمہ وقت ذہن نشین رہنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اپنی تمام مخلوقات میں سے اعلیٰ وارفع ۔اللہ تعالیٰ ہمیں کامیاب دیکھنا چاہتا ہے، ناکام کر کے مایوس نہیں کرنا چاہتا کیونکہ مایوسی کفر ہے۔مگر ہم ناکام کیوں ہوتے ہیں۔ شاید یہ ہماری سوچ ہے، منصوبہ بندی یا پھر ایسا طریقہ کار جو ہمیں نہ چاہتے ہوئے بھی ناکامی کی طرف دھکیلتا ہے۔انسان کی محنت، کوشش، جدوجہد، محنت کے راستہ پر بہایا ہوا پسینہ کبھی رائیگاں نہیں جاتے ۔اس لئے اگر دوسرے ہم جیسے انسان کامیاب ہو سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں۔ مگر اس کے لئے درکار لازمی باتیں ہمیں کامیابی کے بالکل نزدیک پہنچا دیتی ہیں۔ ہم اس پیشے پر مکمل یقین واعتماد رکھیں۔ صمیمِ قلب سے کامیابی کی سوچ کے ساتھ محنت وکوشش جاری رکھیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ پیشہ وارانہ علم کا حصول جاری رکھتے ہوئے حالاتِ حاضرہ ،موجودہ اور بدلتے ہوئے قوانین اور طریقۂ کار سے آگہی رکھیں۔ اپنے اپنے لائف اسٹائل اور ٹائم ٹیبل کا ازسرِ نو جائزہ لیتے ہوئے اپنے آپ کو تیار کریں۔وقت کی قدر کو جانیں اور اس کا نفع بخش استعمال کریں۔سینئرز کی ہدایات پر عمل کریں۔ایجنسی میٹنگ میں بھرپور شرکت ہمیں اپنے کاروباری اہداف کے نزدیک کر دے گی۔

ہر نیا دن ایک نئی صبحِ اُمید سے شروع ہوتا ہے ۔ہمیں اسی احساس اور جذبے سے بیدار ہونا ہے۔ اچھی تیاری کرنی ہے کیونکہ لائف انشورنس کے کام میں مناسب لباس کی بڑی اہمیت ہے اور مقررہ وقت پر گھر سے نکلنا ہے۔یقیناً کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

کامیاب اور ناکام لوگوں میں سوچ کا فرق ہے۔کامیاب لوگ مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ان کی ڈکشنری میں ''نہیں'' کا لفظ نہیں ہوتا۔ انہیں اپنے اردگرد سب اچھا دکھائی دیتا ہے ۔ ہر کام ممکن ہوتا نظر آتا ہے کیونکہ

یقین محکم عمل پیہم محبت فاتح عالم
جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مَردوں کی شمشیریں

کیوں نہ ہو۔زورِ بازو پر یقین بھی ہو، محنت کی عادت بھی ہو، گھبراہٹ پر قابو بھی ہو، وقت اپنے ہاتھ میں بھی ہو، جذبے جوان بھی ہوں، اس پر اللہ کی ذات پر توکل بھی ہو تو کامیابی ممکن کیوں نہ ہو گی۔

کامیاب لوگ اپنی ذات یعنی ''خود آگہی'' Self Awareness ہوتی ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنی طاقت (Strength) اور اہلیت کو جانتے ہیں کہ وہ کتنی ہے اور کہاں استعمال ہو سکتی ہے ۔میں کتنی محنت کر سکتا ہوں ؟ میں روزانہ کتنے گھنٹے کام کر سکتا ہوں؟ کامیابی کے لئے مجھے کتنے گھنٹے کام کرنا چاہیئے؟ مجھے اپنی ضروریات اور خواہشات کی تکمیل کو رقم کمانے کیلئے کونسا ٹارگٹ مکمل کرنا ہے؟

کامیابی کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اپنی تنظیم سازی کریں، منظّم رہیں، اوقاتِ کار کے پابند رہیں، ٹائم ٹیبل بنائیں، ترجیحات کا تعین کریں۔

کامیابی کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہماری سمت یعنی Direction ٹھیک ہو۔ کامیابی کے لئے ایک لازمی جزو ''خود ترغیبی'' Self Motivation بھی ہے اور اس کا مثبت سوچ کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ چونکہ سیلز کا کام ایک تخلیقی عمل ہے، اس لئے کامیابی کے ساتھ ساتھ بعض اوقات ناکامی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے ۔اس لئے وقتی ناکامیوں کو پسِ پشت ڈالتے ہوئے چھوٹی چھوٹی کامیابیوں پر خوش ہوں، فخر کریں اور خوب انجوائے کریں۔

100% یقینی کامیابی کے لئے وقفے وقفے سے اپنی کارکردگی کو چیک کرتے رہنے کا عمل آپ کو اپنے ٹارگٹ پر مرکوز رکھے گا۔آپ کو آپ کی منصوبہ بندی کے اہداف یاد رہیں گے اور آپ کی منزل قریب تر نظر آنے لگے گی۔

فروخت کاری کے شعبے میں کامیاب رہنے کے لئے دیگر لوازمات میں اچھی شخصیت، قول وفعل میں تضاد نہیں ہونا چاہیئے۔ ایمانداری ، اخلاقیات ،اچھا کردار، جوش وجذبہ کا ہونا بہت ضروری ہے ۔اس کے ساتھ ساتھ خوبصورت گفتگو کی صلاحیت نتائج میں بہتری لاتی ہے۔

چل کر تو دیکھو اپنی لگن کی منزل مل ہی جائے گی
پیاس اگر سچی ہو تو صحرا بھی چشمہ دیتا ہے

# International Women Leaders' Summit 2018




An International Women Leaders' Summit was organized by New World concepts for women's professional development. This was a full day conference held on 23rd January, 2018 at Movenpick Hotel, Karachi. The conference was aimed at recognizing women leadership roles and offered a diversity of thought which is integral for business success.

State Life Insurance Corporation being an advocate of women empowerment also participated in the subject conference.

The theme of the summit was "Investing in Yourself" and was facilitated by prominent women leaders from Pakistan as well as abroad.

The prominent speakers in the conference include Major General Nigar Johar, who is the third women in the history of Pakistan Army to reach this rank. Ms. Fiza Farhan, Member UN Secretary General High Level Panel on Women Economic Empowerment, and Squadron Leader Bisma Nasim, Pakistan Air Force.

The Conference proved to be beneficial as it provided many interesting outcomes of how women can contribute towards corporation's success by leveraging technology and developing competitive edge by strategic focus. Furthermore, there was also a discussion on bringing robust strategies to meetup *Challenges at Workplace* and how to encourage building *Gender Inclusiveness at Workplace*.

The participants of State Life Corporation were warmly received and this proved to be a good opportunity for learning and networking.

(Tahaffuz Report)

# Mr. Roshan Ali Shaikh, appointed as Executive Director



In pursuance of, SLIC Establishment Division's Notification Mr. Roshan Ali Shaikh BS-20 has been posted as Executive Director, State Life. He is a Senior Pakistan Administrative Service officer with rich experience of working in the Central Government of Pakistan, Provincial Government of Sindh and Punjab, Local Government, multi-lateral donor agencies like Asian Development Bank and companies registered under SECP for about 26 years. He has done double Masters in Economics and Local Government & Urban Development. Mr. Shaikh is an expert in finance, urban development, solid waste management and disaster management.

Our Team welcomes the new Executive Director, SLIC.

(Tahaffuz Report)

# Medical Camp organized by Medical Department of State Life

A free Medical Camp for blood screening test was organized by Medical Department of State Life Insurance Corporation of Pakistan.



Executive Director P&GS Mr. Ghufran Memon inaugurated the Medical Camp

The camp was arranged for blood screening tests including Blood Pressure, Blood Sugar, Haemoglobin, Blood Cholesterol and ECG of officials working at Principal Office for the health promotion and prevention of diseases to keep them updated regarding their health.

The camp was inaugurated by Executive Director (P&GS) Mr. Ghufran Memon.

The screening test is mandatory in detecting early signs of diseases. It helps in prevention and health promotion by identifying major preventable diseases. This camp was highly appreciated and was conduced in collaboration of M/s Clifton Kidney and General Hospital.

The results of the tests were given on spot and the objective of creating health awareness was achieved.

The medical department shall continue this practice of awareness and periodic health assessments of the State Life Insurance Corporation employees in the future as well.

Tahaffuz Report



Mr. Ghufran Memon being briefed about the Medical camp

# Pakistan Capital Investment Summit & Expo 2018 at Islamabad






State Life Insurance Corporation of Pakistan participate in Pakistan Capital Investment Summit and Expo 2018. Chairman Mr. Shoaib Mir and Executive Director Mr. Ghufran Memon visit stall at the occasion in the group photo.

June 2018

# Tahaffuz

An in-house magazine of
State Life Insurance Corporation of Pakistan



# Assuring your every step ahead

## Top Stories

State Life Convention

Secretary of Commerce visited State Life

Prize Distribution Ceremony in Abbottabad

Eid Milad-un-Nabi

Prize Distribution Ceremony in Rawalpindi

Grand Function in Jhang Zone

Field Workers conference with State Life

State Life Sports Club Ceremony

**UAN: 111-111-888 | Website: www.statelife.com.pk | www.facebook.com\State Life Insurance Corporation**